بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سجدہ کی حالت میں دعا مانگ سکتے ہیں یا نہیں؟

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرا جی چاہتا ہے کہ سجدے کی حالت میں اللہ تعالیٰ سے خوب دعا کروں، لیکن میں نے سنا ہے کہ نفل نماز میں بھی اپنی زبان میں دورانِ سجدہ نہیں مانگا جا سکتا، تو پھر سجدے کی حالت میں خوب دعا کیسے کی جا سکتی ہے؟۔ کیا کوئی بھی مسنون دعا پڑھ لی جائے یا عربی زبان میں کچھ بھی مانگا جا سکتا ہے، اس حوالے سے تفصیل درکار ہے۔

**سائل: عمران حبیب۔ شارجہ**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نفل نماز کے سجدوں میں دعائیں مانگنے میں حسبِ ذیل تفصیل ہے:

1: جو دعا حالتِ سجدہ میں مانگی جائے اس دعا کے الفاظ ایسے ہوں جو قرآن و سنت میں وارد ہوئے ہوں، یعنی ماثور دعائیں سجدہ کی حالت میں مانگی جائیں۔ یہ عمل جائز ہے۔

2: ماثور دعاؤں کے علاوہ دیگر دعائیں عربی زبان میں مانگی جائیں، اگر یہ دعائیں ایسی ہوں جنہیں مخلوق سے مانگنا ناممکن اور محال ہو تو سجدہ کی حالت میں ایسی دعائیں مانگنا بھی جائز ہے۔

3: اگر غیر ماثور دعائیں ایسے عربی الفاظ میں مانگی جائیں جو لوگوں کے کلام کے مشابہ ہوں، یا ان کو مخلوق سے بھی مانگا جا سکتا ہو، تو ایسی دعا کرنا جائز نہیں۔

4: عربی زبان کے علاوہ دیگر کسی زبان مثلاً فارسی، اردو، پشتو، سندھی اور بلوچی میں دعائیں کرنا جائز نہیں ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**15- رمضان المبارک 1444ھ**

**06- اپریل 2023ء**